سوال

(1104) میت کی آمد سے قبل جنازہ ادا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جنازہ کراچی سے نتھیا گلی کےلیے بذریعہ جہاز روانہ ہوا۔ لوگ نتھیا گلی جمع ہوئے قبر تیار ہوئی اطلاع ملی کہ جہاز بوجہ خرابیٔ موسم واپس کراچی مع جنازہ چلا گیا ہے اور واپسی لیٹ ہوگی۔ کیا وہاں جمع لوگ جنازہ پڑھ سکتے ہیں۔ جب کہ میت ابھی دوران سفر میں ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ میت دوسرے دن یا رات آبائی گاؤں پہنچے گی۔ کیا اس طرح غائبانہ نمازِ جنازہ جائز ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

غائبانہ جنازہ کا جواز تو ہے۔ نجاشی کے بارے میں نبیﷺ نے فرمایا تھا:

'اِنَّ اَخَاکُم قَدمَاتَ بِغَیرِ اَرضِکُم ، فَقُومُوا فَصَلُّوا عَلَیہِ' (مسند ابوداؤد الطیالسی، رقم:۱۱۶۴)، (سنن ابن ماجہ،بَابُ مَا جَاءَ فِی الصَّلَاةِ عَلَی النَّجَاشِیِّ، رقم:۱۵۳۶،۱۵۳۷)

''تمہارا بھائی غیر زمین میں فوت ہوگیا۔ اٹھو، اس کی نماز جنازہ پڑھو۔''

اور صحیح بخاری و صحیح مسلم میں ہے:

'قَد تُوُفِّیَ الیَومَ' (صحیح البخاری،بَابُ الصُّفُوفِ عَلَی الجِنَازَةِ، رقم۱۳۲۰)

آج فوت ہوا ہے۔

امام شافعی علیہ رحمہ فرماتے ہیں کہ میت پر نمازِ جنازہ اس کےلیے دعا ہے اور یہ میت کے کفن میں ملفوف ہونے کی صورت میں جائز ہے تو غائبانہ یا قبر پر اس کےلیے کیوں جائز نہیں۔ (فتح الباری ۳ ۳۱)

اور شوکانی رحمہ اللہ ''الدررالبھیة'' میں فرماتے ہیں: کہ صلوٰة جنازہ قبر پر پڑھی جائے اور غائب میت پر بھی۔ یہ بھی یاد رہے کہ میت کے دفن یا عدمِ دفن سے اصل مسئلہ کی نوعیت میں کوئی فرق نہیں پڑتا معاملہ دونوں کا ایک جیسا ہے۔ قصہ نجاشی عموم کی دلیل ہے۔ لیکن موجودہ صورت میں میت کی آمد کا انتظار کرنا چاہیے کیونکہ اس کی آمد متوقع ہے۔

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوۃ : صفحہ :882

محدث فتویٰ